بسم اللہ الرحمن الرحیم

# مرحوم کی طرف سے کی گئی قربانی کے گوشت پر فاتحہ دے کر لوگوں کا کھلانا

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہمارے ایک رشتہ دار کا انتقال ہوگیا ہے، ان کے گھر والے ان کے ایصال ثواب کے لیے اپنے ذاتی پیسوں سے قربانی کررہے ہیں، جبکہ انہوں نے قربانی کے لیے کوئی وصیت نہیں کی تھی، اب وہ یہ پوچھنا چاہتے ہیں کہ کیا ان کے گھر والے اس قربانی کے گوشت پر ختم دلواکر لوگوں کو ایصال ثواب کے طور پر یہ گوشت کھلا سکتے ہیں؟

## جواب

میت کے ایصال ثواب کے لیے قربانی کی جائے، کہ جس کی میت نے وصیت نہیں کی تھی، تو اس کے گوشت پر ختم دلواکر اسے میت کے ایصال ثواب کے طور پر لوگوں کو کھلانے یا تقسیم کرنے کی اجازت ہے، کیونکہ ایسی قربانی کے گوشت کا حکم عام قربانی کے گوشت کی طرح ہے، کہ چاہیں تو اس کے تین حصے کرلیں، یا سارا تقسیم کردیں، یا پکا کر کھلادیں، یا سارا گھر رکھ لیں وغیرہ، کہ یہ قربانی کرنے والوں کی ملک ہے۔ ردالمحتار میں ہے "من ضحی عن المیت یصنع کما یصنع فی اضحیة نفسه من التصدق والاکل والاجر للمیت والملک للذابح۔ قال الصدر: والمختار انه ان بامر المیت لا یاکل منها والا یاکل۔ بزازیة "ترجمہ: جس نے میت کی طرف سے قربانی کی تو وہ اس کے متعلق ویسا کرسکتا ہے جیسے اپنی قربانی کے متعلق کرسکتا ہے یعنی صدقہ کرنا اور خود کھانا اور اس میں ثواب میت کے لیے ہے اور ملکیت ذبح کرنے والے کی ہے۔ صدر شہید نے فرمایا: اور مختار یہ ہے کہ اگر یہ قربانی میت کے حکم پر کی تو اس میں سے نہ کھائے ورنہ کھاسکتا ہے۔ (ردالمحتار مع الدرالمختار، کتاب الاضحیۃ، ج 09، ص 540، مطبوعہ کوئٹہ)

بہار شریعت میں ہے "میت کی طرف سے قربانی کی تو اس کے گوشت کا بھی وہی حکم ہے کہ خود کھائے دوست احباب کو دے فقیروں کو دے یہ ضرور نہیں کہ سارا گوشت فقیروں ہی کو دے کیوں کہ گوشت اس کی مِلک ہے یہ سب کچھ کرسکتا ہے۔ اور اگر میت نے کہہ دیا ہے کہ میری طرف سے قربانی کردینا تو اس میں سے نہ کھائے بلکہ کل گوشت صدقہ کردے۔" (بہار شریعت، ج 03، حصہ 15، ص 345، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: محمد عرفان مدنی

مصدق: مفتی ابوالحسن محمد ہاشم خان عطاری

فتوی نمبر:Lar-10769

تاریخ اجراء:15ذوالحجۃ1442ھ/26جولائی2021ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net